بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

# شعبہ نشرواشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ حفظہ اللہ

36۔ کے ماڈل ٹاؤن لاہور فون: 042-35869501 ای میل: media@tanzeem.org

9 اگست 2026ء

## پریس ریلیز

**اُمّتِ مُسلمہ کے زوال کی سب سے بڑی وجہ قرآن سے دوری ہے۔ (شجاع الدین شیخ)**

**باطل قوتیں پاکستان اور افغانستان کے درمیان دشمنی پیدا کرنا چاہتیں ہیں۔ (سراج الحق)**

**دینی جماعتیں اُمّت کو زوال سے نکالنے کے لیے متحد ہو جائیں۔ (مولانا زاہد الراشدی)**

**ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے قرآن کا پیغام عام کرنے کے لیے اپنی زندگی وقف کر رکھی تھی۔ (ڈاکٹر عارف رشید)**

**اُمّت کو زوال سے نکالنے کے لیے وہی راستہ اپنانا ہوگا جس سے پہلی مرتبہ عروج حاصل ہوا تھا۔ (رضاء الحق)**

**قرآن آڈیٹوریم لاہور میں ''اُمّتِ مُسلمہ کی حالتِ زار اور راہِ نجات'' کے عنوان سے تنظیم اسلامی کے زیرِ اہتمام منعقدہ سیمینار میں مقررین کے خطاب**

لاہور (پ ر): اُمّتِ مُسلمہ کے زوال کی سب سے بڑی وجہ قرآن سے دوری ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر جناب **شجاع الدین شیخ** نے قرآن آڈیٹوریم لاہور میں **''اُمّتِ مُسلمہ کی حالتِ زار اور راہِ نجات''** کے عنوان سے تنظیم اسلامی کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والے سیمینار میں اپنے صدارتی خطبہ میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید شبِ قدر میں نازل ہوا اور یہ تقدیروں کو بدل دینے والا کلام ہے۔ جب تک اُمّت نے قرآن کو تھامے رکھا اللہ نے اُمّت کو عروج اور غلبہ عطا فرمایا لیکن جب اُمّت نے قرآن کو چھوڑ دیا تو ہم مغلوب ہو گئے۔ اُنہوں نے کہا کہ اُمّت کے پاس ایٹمی قوت، میزائل ٹیکنالوجی، بہترین افواج، تیل کی دولت اور بے شمار اسباب اور وسائل موجود ہیں لیکن اِس کے باوجود باطل سے مرعوبیت کی وجہ ''دنیا سے محبت اور موت کا خوف'' ہے۔ جب ہم اللہ کے دین کی مدد کریں گے یعنی اقامتِ دین کی جدوجہد میں تن من دھن لگا دیں گے تو اللہ کی مدد بھی ہمارے شاملِ حال ہوگی۔ جس کو اللہ کی مدد حاصل ہو جائے اُسے کوئی شکست نہیں دے سکتا۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر یہود گریٹر اسرائیل بنانے کے منصوبے پر عمل کر رہے ہیں تو ہم گریٹر خراسان کی طرف بڑھنے کی کوشش کیوں نہیں کر سکتے۔ سابق امیر جماعت اسلامی **جناب سراج الحق** نے کہا کہ باطل قوتیں پاکستان اور افغانستان کے درمیان دشمنی پیدا کرنا چاہتیں ہیں۔ ہم سب کی ذِمّہ داری ہے کہ اس فساد کو مل کر روکیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ڈاکٹر اسرار احمدؒ کا خواب تھا کہ قرآن کے پیغام کو پورے عالم تک پہنچایا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس وقت ہماری فکر، ثقافت، سیاست، معیشت اور معاشرت سمیت ہمارے فیصلوں پر بھی دجالی تہذیب اور استعمار کا تسلط ہے اور مسلم ممالک کو تقسیم کیا جا رہا ہے۔ اس تسلط سے نکلنے کا راستہ یہ ہے کہ اسلامی تحریکیں مل کر لوگوں کے دلوں تک قرآن کے پیغام کو پہنچائیں۔ معروف عالمِ دین **جناب مولانا زاہد الراشدی** نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی جماعتیں اُمّت کو زوال سے نکالنے کے لیے متحد ہو جائیں۔ اُنہوں نے کہا کہ

ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے جس مشن کا آغاز کیا تھا اُس کے تسلسل کو برقرار دیکھ کر دلی خوشی ہوتی ہے اور اس حوالے سے تنظیم اسلامی مبارکباد کی مستحق ہے۔ اِس وقت دنیا بھر کی طاغوتی قوتیں مسلمانوں کو زیر رکھنے کے لیے ہر قسم کا شیطانی حربہ استعمال کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ جس طرح مختلف معاملات پر دینی جماعتیں اور علماء کرام اکٹھے ہو جاتے ہیں اسی طرح اُنہیں اس اتحاد کو برقرار رکھنا چاہیے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اُمّت کو زوال سے نکالنے کے لیے عوام کو صحیح سمت فراہم کی جائے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور **جناب ڈاکٹر عارف رشید** نے کہا کہ ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے قرآن کا پیغام عام کرنے کے لیے اپنی زندگی وقف کر رکھی تھی۔ اُنہوں نے کہا کہ بانی تنظیم اسلامی اور صدرِ مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے قرآن کا پیغام لوگوں تک پہنچانے کے لیے نوجوانی کے دور سے ہی دروسِ قرآن کا سلسلہ شروع کر دیا تھا۔ 1966ء میں تحریک رجوع الی القرآن کا آغاز کیا، 1972ء میں مرکزی انجمن خدام القرآن قائم کی اور 1975ء میں تنظیم اسلامی کی بنیاد رکھی۔ ڈاکٹر صاحبؒ کی ان تمام مساعی کا مقصد یہ تھا کہ عوام کو قرآن سے جوڑا جائے اور اُن میں دینی ذمہ داریوں کا احساس اُجاگر کیا جائے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم اسلامی کے ترجمان **جناب رضاء الحق** نے کہا کہ اُمّت کو زوال سے نکالنے کے لیے وہی راستہ اپنانا ہوگا جس سے پہلی مرتبہ عروج حاصل ہوا تھا۔ اُمّتِ مُسلمہ کو موجودہ ذلت و رسوائی کی حالت سے نکالنے کے لیے مسلمانوں کو ایک مرتبہ پھر قرآن کو امام بنانا ہوگا اور اُسوۂ رسول ﷺ سے جُڑ جانا ہوگا۔ تقویٰ، عبادتِ رب، اطاعتِ رسول ﷺ، شہادت علی الناس اور اقامتِ دین کی جدوجہد کرنا اُمّتِ مُسلمہ کے ہر فرد کی ذِمّہ داری ہے۔ جب تک ہم اپنے دینی فرائض کو ادا نہیں کریں گے ہماری حالت نہیں بدلے گی۔ تقریب میں سٹیج سیکرٹری کے فرائض **جناب فاروق گیلانی** نے انجام دیئے۔

جاری کردہ

**وسیم احمد**

نائب ناظم نشر واشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: August 9th, 2026**

## The greatest cause of the decline of the Muslim Ummah is its disconnect from the Holy Qur'an. (Shujauddin Shaikh)

## The forces of falsehood seek to create hostility between Pakistan and Afghanistan. (Siraj-ul-Haq)

## Religious parties must unite to lead the Muslim Ummah out of decline. (Maulana Zahid Al-Rashdi)

## Dr. Israr Ahmad (RA) dedicated his life to spreading the message of the Holy Qur'an. (Dr. Arif Rashid)

## To overcome its decline, the Muslim Ummah must follow the same path that led to its rise in the first place. (Raza-ul-Haq)

## Speakers address a seminar organized by Tanzeem-e-Islami at Qur'an Auditorium, Lahore, titled "The Plight of the Muslim Ummah and the Path to Salvation".

**Lahore (PR):** The greatest cause of the decline of the Muslim Ummah is its disconnect from the Holy Qur'an. This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in his presidential address at a seminar organized by Tanzeem-e-Islami at Qur'an Auditorium, Lahore, titled **"The Plight of the Muslim Ummah and the Path to Salvation**." He said that the Holy Qur'an was revealed on Laylat al-Qadr and is the Divine Word capable of transforming destinies. As long as the Ummah held firmly to the Holy Qur'an, Allah (*SWT*) granted it ascendancy and dominance; however, when the Ummah abandoned the Qur'an, it became subjugated. He said that the Muslim Ummah possesses nuclear capability, missile technology, formidable armed forces, oil wealth, and abundant means and resources, yet its sense of intimidation before the forces of falsehood stems from "love of this world and fear of death." When we support the Deen of Allah – that is, when we devote our lives, wealth, and abilities to the struggle for Iqamat-e-Deen – Allah's help will also be with us, and no one can defeat those who receive the help of Allah. He further stated that if the Jews are pursuing their plan for Greater Israel, why can we not strive towards Greater Khorasan?

Former Ameer of Jamaat-e-Islami, Siraj-ul-Haq, said that the forces of falsehood seek to create hostility between Pakistan and Afghanistan, and it is the collective responsibility of all of us to prevent this discord. He said that it was the vision of Dr. Israr Ahmad (*RA*) that the message of the Holy Qur'an should reach the entire world. He further stated that today our thought, culture, politics, economy, social order, and even our decision-making are under the domination of Dajjali civilization and imperialism, while Muslim countries are being divided. The way out of this domination is for Islamic movements to work together to carry the message of the Holy Qur'an into the hearts of the people.

Addressing the seminar, renowned Islamic scholar Maulana Zahid Al-Rashdi called upon religious parties to unite in order to lead the Muslim Ummah out of decline. He said that it was deeply gratifying to see the mission initiated by Dr. Israr Ahmad (*RA*) being carried forward, and Tanzeem-e-Islami deserves appreciation in this regard. At present, Taghuti forces across the world are employing every satanic tactic to subjugate Muslims. He added that just as religious parties and Islamic scholars come together on various issues, they should maintain this unity on a sustained basis. What is needed is to provide the people with the right direction so that the Ummah can be led out of its decline.

Addressing the gathering, President of Markazi Anjuman Khuddam-ul-Qur'an Lahore, Dr. Arif Rashid, said that Dr. Israr Ahmad (RA) dedicated his life to spreading the message of the Holy Qur'an. He said that the founder of Tanzeem-e-Islami and Founding President of Markazi Anjuman Khuddam-ul-Qur'an, Dr. Israr Ahmad (*RA*), began delivering Duroos-e-Qur'an from his youth in order to convey the message of the Holy Qur'an to the people. In 1966, he launched the Tehreek-e-Ruju' ilal-Qur'an; in 1972, he established Markazi Anjuman Khuddam-ul-Qur'an; and in 1975, he founded Tanzeem-e-Islami. The objective behind all these endeavors was to reconnect the people with the Holy Qur'an and awaken in them a sense of their religious responsibilities.

Addressing the gathering, Spokesperson of Tanzeem-e-Islami Raza-ul-Haq said that, to overcome its decline, the Muslim Ummah must follow the same path that led to its rise in the first place. To emerge from its present state of humiliation and disgrace, the Muslim Ummah must once again make the Holy Qur'an its guide and reconnect with the blessed example of the Holy Prophet (*S.A.W.W.*). He stated that Taqwa, worship of Allah, obedience to the Messenger (*S.A.W.W.*), Shahadah 'ala an-Nas, and striving for Iqamat-e-Deen are responsibilities incumbent upon every member of the Muslim Ummah. Until we fulfill our religious obligations, our condition will not change.
Farooq Gilani performed the duties of stage secretary at the event.

**Issued by:**
**Waseem Ahmad**
**Naib Nazim Nashr-o-Ishaat**
**Tanzeem-e-Islami Pakistan**